# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 28 May-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۸؍مئی ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** **** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ آج ممبئی کے ایک روزہ دورے پر

☆ صدر دروپدی مرمو نے پدم ایوارڈز کے دوسرے مرحلے کے انعامات کئے تقسیم۔ ریاست کے چھ معززین بھی انعام پانے والوں میں شامل

☆ شدید بارشوں سے متاثر ہونے والے کسانوں کو نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے معیار کے مطابق معاوضہ دیا جائے گا۔

☆ انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی آخری تاریخ 15 ستمبر تک بڑھادی گئی۔

اور۔۔۔

☆ مراٹھواڑہ کے بیشتر علاقوں میں شدید بارش سے نقصان، محکمہ موسمیات نے اگلے دو دنوں کے لیے جاری کیا یلو الرٹ

***** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

نائب صدر جگدیپ دھنکھر آج ایک روزہ دورے پر ہوں گے۔ نائب صدر ممبئی میں انٹرنیشنل انسٹی ٹیوٹ آف پاپولیشن سائنسز کے 65 ویں اور 66 ویں کانووکیشن میں مہمان خصوصی ہوں گے۔

***** **** *****

صدر دروپدی مرمو نے کل راشٹرپتی بھون میں پدم ایوارڈز کے دوسرے مرحلے کے انعامات تقسیم کئے۔ یہ انعام پانے والوں میں ریاست کے چھ معززین شامل تھے۔ سابق وزیر اعلیٰ آنجہانی منوہر جوشی کو ان کی عوامی خدمات کے لیے بعد از مرگ پدم بھوشن سے نوازا گیا۔ ڈاکٹر ولاس ڈانگرے، کلاسیکل گلوکار اشونی بھڑے، تجربہ کار اداکار اشوک صراف، خطاط اچیوت پالو کو پدم شری سے نوازا گیا۔ کل کے پروگرام میں 68 معززین کو پدم انعامات سے نوازا گیا۔

***** **** *****

ریاستی کابینہ نے نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے اصولوں کے مطابق ریاست میں حالیہ شدید بارشوں سے متاثر کسانوں کو معاوضہ فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ریونیو منسٹر چندر شیکھر باونکولے نے اس سلسلے میں یہ اطلاع دی۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کے تمام ضلع کلکٹرس کو اس سلسلے میں ہدایات دی گئی ہے۔ اس میٹنگ میں زرعی اراضی کی الاٹمنٹ کی رجسٹریشن فیس معاف کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔ میٹنگ میں جالنا اور اچل کرنجی میونسپل کارپوریشنوں کو گڈز اینڈ سروسز ٹیکس معاوضہ کی فراہمی کو منظوری دی۔ اس کے مطابق جالنا میونسپل کارپوریشن کو 392 کروڑ روپے اور اچلکرنجی میونسپل کارپوریشن کو پانچ سالوں

میں 657 کروڑ روپے ملیں گے۔ ریاستی کابینہ نے ریاست میں عدالتی افسران کے لیے ٹاپ پسٹ کے عہدوں کی تخلیق، فاریسٹ ڈیولپمنٹ کارپوریشن آف مہاراشٹر المیٹڈ میں ایک ہزار تین سو اکیاون آسامیوں کے نظرثانی شدہ ڈھانچے اور مقامی اداروں کے اپر پرائمری اسکولوں میں جز وقتی ڈائریکٹروں کی تقرری کے لیے نظرثانی شدہ پالیسی کو بھی منظوری دی۔

***** **** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** **** *****

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کی موجودگی میں کل ممبئی میں مادھو باغ مندر کی 150 ویں سالگرہ منائی گئی۔ انہوں نے کہا کہ جب ملک برطانوی راج میں تھا، 150 سال تک مذہبی کام کرنا اور ملک کی خدمت کرنا آسان نہیں تھا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ یہ ادارہ مذہبی خدمات کے ساتھ ساتھ صحت کی خدمات بھی فراہم کریگا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس نے کہا کہ اس مندر میں خدمت کا جذبہ برقرار ہے، اور چاہے گائے کی خدمت ہو یا سماجی خدمت، مادھو باغ نے ہمیشہ پہل کی ہے۔

***** **** *****

سنٹرل بورڈ آف ڈائریکٹ ٹیکسز نے انکم ٹیکس گوشوارے داخل کرنے کی آخری تاریخ میں توسیع کر دی ہے۔ اب ٹیکس دہندگان یہ ریٹرن 15 ستمبر تک فائل کر سکتے ہیں۔ نوٹیفائیڈ انکم ٹیکس ریٹرن (ITR) میں کی گئی وسیع تبدیلیوں اور ٹیکس کی تشخیص کے سال 2025-26 کے لیے سسٹم کی تیاری اور ITR افادیت کے نفاذ کے لیے درکار وقت کو دیکھتے ہوئے، CBDT نے ریٹرن فائل کرنے کی تاریخ میں توسیع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

***** **** *****

چھترپتی سنبھاجی مہاراج ریاستی پریرنا گیت ایوارڈ، جو اس سال سے ریاستی ثقافتی محکمہ کی طرف سے شروع کیا گیا تھا، سواتنتر یو یر ساورکر کے گیت 'انادی می، اننت می' کو پیش کیا گیا۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کے ہاتھوں وزیر اعلیٰ کی رہائش گاہ پر ساورکر کے پوتے رنجیت ساورکر نے یہ ایوارڈ حاصل کیا۔ ایوارڈ 2 لاکھ روپیوں اور ایک یادگار پر مشتمل ہے۔

***** **** *****

کل مراٹھواڑہ میں کئی مقامات پر موسلا دھار بارش ہوئی۔ جالنا شہر اور ضلع کے بیشتر علاقوں میں تیز ہواؤں کے ساتھ موسلا دھار بارش ہوئی۔ گھنساونگی اور امبڈ تعلقہ میں بارش کی شدت زیادہ رہی جس سے ندی نالوں میں طغیانی آ گئی۔ ضلع میں بعض مقامات پر آسمانی بجلی گرنے سے درخت بھی گر گئے۔ بیڑ ضلع کے چھ منڈلوں میں زبردست بارش ریکارڈ کی گئی۔ بیشتر دریاؤں اور نالوں میں طغیانی آ گئی ہے۔ کل سہ پہر ضلع کے کئی علاقوں میں موسلا دھار بارش بھی ریکارڈ کی گئی۔ ناندیڑ ضلع کے ہدگاؤں تعلقہ کے وروت میں کل زبردست بارش کے ایک معاملے میں ایک خاتون اور دو لڑکیوں کی نالے میں بہہ جانے سے موت ہوگئی۔ ہمارے نمائندے نے اطلاع دی ہے کہ لاتور شہر اور ضلع کے بیشتر علاقوں میں کل بھی موسلا دھار بارش ہوئی۔

***** **** *****

ممبئی کے علاقائی موسمیاتی مرکز نے مراٹھواڑہ میں اگلے دو دنوں تک تیز ہواؤں، گرج چمک کے ساتھ تیز بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ چھترپتی سمبھاج نگر، جالنا، بیڈ، پربھنی، ہنگولی، ناندیڑ اور لاتور اضلاع کے لیے یلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

دریں اثنا، کانگریس کے ریاستی صدر ہرش وردھن سپکل نے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت شدید بارش سے متاثر کسانوں کو فی ایکڑ 20,000 روپے کی امداد فوری طور پر فراہم کرے۔ وہ گزشتہ روز ممبئی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے تنقید کی کہ مرکزی وزیر داخلہ نے مہاراشٹر میں ہونے کے باوجود اس بحران پر بات نہیں کی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاج نگر ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے چھترپتی سمبھاج نگر ضلع کے کسانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ موجودہ بارش کی وجہ سے تخم ریزی میں جلدی نہ کریں اور ایک یا دو بھاری مانسون کی بارش کا انتظار کریں۔ انہوں نے کہا کہ محکمۂ موسمیات کے ماہرین کے مطابق فی الحال جاری بارش بے موسم ہے۔ اس دوران تخم ریزی کرنے سے نقصان ہوسکتا ہے اور دوبارہ بیج بونے پڑ سکتے ہیں۔ اس لیئے کسان احتیاط سے کام لیں اور مانسون کی ایک دو بارشوں کے بعد ہی تخم ریزی کریں۔

***** ***** *****

آپریشن سندھ میں ہندوستانی فوج کی طرف سے حاصل کی گئی فتح پر اظہار تشکر اور کسانوں کے مختلف مسائل کی طرف توجہ مبذول کرانے کے لیے شہر اور ضلع کانگریس کمیٹیوں کی جانب سے آج ناندیڑ میں ایک جئے جوان جئے کسان ترنگا مہا رالی کا انعقاد کیا جائے گا۔ ہمارے نمائندے نے اطلاع دی ہے کہ ریاستی صدر ہرش وردھن سپکل اور پارٹی کے دیگر عہدیدار اس پروگرام میں شرکت کریں گے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاج نگر کے رہائشی ڈپٹی کلکٹر ونود کھیر ولکر اور ریونیو اسسٹنٹ دلیپ تریبھون کو کل 5 لاکھ روپے کی رشوت لیتے ہوئے گرفتار کیا گیا تھا۔ انہوں نے شکایت کنندہ کی کلاس II کی اراضی کو کلاس I میں تبدیل کرنے کے لیے 18 لاکھ روپے رشوت طلب کی تھی جس پر محکمہ انسداد بدعنوانی نے جال بچھا کر کارروائی کی۔ اس سے قبل پولیس نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ان افسران نے مذکورہ اراضی کے حوالے سے شکایت کنندہ سے 23 لاکھ روپے رشوت لی تھی۔

***** ***** *****

ضلع کلکٹر کیرتی کرن پجر نے کہا کہ 19 جولائی کو ایک ہی دن دھاراشیو ضلع میں پانچ لاکھ درخت لگانے کا منصوبہ ہے اور درخت لگانے سے متعلق تمام افسران کو اپنی ذمہ داریاں وقت پر پوری کرنی چاہئیں۔ وہ گزشتہ روز اس حوالے سے جائزہ اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اس شجرکاری مہم کا چھ ماہ بعد جائزہ لیا جائے گا۔

***** ***** *****

ترقی یافتہ زرعی سنکلپ ابھیان" مہم، جو 29 مئی سے پورے ملک میں شروع ہوگی، مہاراشٹر کے ہر کرشی وگیان کیندر میں نافذ کی جائے گی۔ دھاراشیو ضلع میں، تلجاپور کے کرشی وگیان کیندر نے کسانوں سے اس مہم کا فائدہ اٹھانے کی اپیل کی ہے، ہنگولی ضلع میں اس مہم کے ذریعے نوے گاؤں میں کسان رتھ لے کر کسانوں کو نئی ٹکنالوجی، مختلف فصلوں کی بہتر اقسام، نئے زرعی آلات اور دیگر زرعی معلومات کے بارے میں بھی معلومات فراہم کی جائیں گی

:::::سرخیاں::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ آج ممبئی کے ایک روزہ دورے پر

☆ صدر دروپدی مرمو نے پدم ایوارڈز کے دوسرے مرحلے کے انعامات کئے تقسیم۔ ریاست کے چھ معززین بھی انعام پانے والوں میں شامل

☆ شدید بارشوں سے متاثر ہونے والے کسانوں کو نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے معیار کے مطابق معاوضہ دیا جائے گا۔

☆ انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی آخری تاریخ 15 ستمبر تک بڑھادی گئی۔

اور۔۔۔

☆ مراٹھواڑہ کے بیشتر علاقوں میں شدید بارش سے نقصان، محکمہ موسمیات نے اگلے دو دنوں کے لیے جاری کیا یلو الرٹ

***** **** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** **** *****